28/02/2026

09.25 AM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں اشفاق امین

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج قومی سطح کی Human Papillomavirus یعنی HPV ٹیکہ کاری مہم کی شروعات کر رہے ہیں۔

بالغ لڑکیوں میں Cervical Cancer کی روک تھا م کے مقصد سے عملائی جا رہی اس مہم کے دائرے میں 14سے15سالہ لڑکیوں کو لایاجا رہا ہے ۔

وزیر اعظم راجستھان کے شہر اجمیر سے اس مہم کی شروعات کریں گے ۔جہاں وہ دیگر مصروفیات کے علاوہ 16ہزار 6سو80کروڑ روپے لاگت والے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور دیگر کئی کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔

ٹیکہ کاری

جموں کشمیرمیں بھی آج بڑے پیمانے پر HPVٹیکہ کاری مہم عملائی جا رہی ہے ۔ صحت و طبی تعلیم کے کمشنر سیکریٹری ایم راجو نے کل ایک میٹنگ کے دوران اس ضمن میں کی گئی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہیں بتایا گیا کہ جموں کشمیر میں ٹیکہ کاری کیلئے مخصوص عمر کی کُل ایک لاکھ 35ہزار 3سو40اہل لڑکیوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔

ایم راجو نے ٹیکہ کاری مہم کے تعلق سے سو فیصد اہداف حاصل کرنے کی ہدایت دی۔مختلف اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں نے بھی مذکورہ مہم کی کامیاب عمل آوری کیلئے کئے گئے انتظامات کا علیحدہ علیحدہ میٹنگوں میںجائزہ لیا۔

ایل جی

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہانے کہا ہے کہ با اختیار نوجوان ملک کے مستقبل کو ایک نئی جہت دینے میں کلیدی رول ادا کرسکتے ہیں۔یونیورسٹی آف جمونمیں اپنی نوعیت کے منفرد یوتھ فیسٹول "گونج2026 " کا افتتاح کرنے کے بعد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہاکہ دانشمندانہ سوچ، تخلیقی صلاحیت اور اختراعی نوجوان قیادت قوم کو ترقی کے اعلیٰ منازل تک پہنچانے کے لئے اہم ہے ۔

ملاقات

پارلیمنٹ ممبر اور سرکار ی زبان سے متعلق پارلیمنٹ کی سکینڈ سب کمیٹی کے کنونیر اُجوَل رَمنَ سنگھ نے جموں میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہاہے کہ جموں کشمیرپورے سال کیلئے سیاحت کے ایک اہم مرکز کے طور پر ابھر رہا ہے جہاں مہم جوئی سے ثقافت اورثقافت سے عقیدتی سیاحت کے مواقعے موجود ہیں۔

نئی دلی میں South Asia's Travel & Tourism Exchange 2026 کا دورہ کرنے کے دوران معروف ٹرول اینڈ ٹور آپریٹروں کے ساتھ بات کرتے ہوئے وزیرا علیٰ نے کہا۔

ناظم تعلیم

ڈائریکٹر اسکول ایجوکیشن کشمیرنصیر احمد وانی نے سرمائی تعطیلات کے بعد او ل جماعت سے آٹھویں جماعت تک کیلئے اسکول کھولے جانے سے متعلق انتظامات کو حتمی شکل دینے کی ہدایت دی ہے یہ ہدایات انہوں نے گورنمنٹ گرلز ہائر اسکنڈری اسکول کوٹھی باغ میں ڈریم اسکول کا اچانک دورہ کرنے کے دوران دی۔

واضح رہے کہ سرمائی تعطیلات کے بعد اسکولوں میں اول جماعت سے آٹھویں جماعت تک کی تدریسی سرگرمیاں دو مارچ سوموار سے دو بارہ شروع ہو رہی ہے۔

رانجی ٹرافی

ہبلی کرناٹک میں جمونو کشمیر اور کرناٹک کے درمیان جاری رانجی ٹرافی کے فائنل میں جمونو کشمیر کی ٹیم نے پہلی انگز میں584رن سکور کر کے کرناٹک کے خلاف477رنوں کی برتری حاصل کی ہے۔

جمونکشمیر ٹیم کے تیز گیند باز عاقب نبی نے جاری رانجی ٹرافی کے اب تک کے کھیلے گئے10 میچوں میں مجموعی طور 60وکٹ حاصل کئے ہیں۔

اس دوران وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ آج ہبلی جا کر فائنل میچ کے آخری دن کے کھیل کا مشاہدہ کر کے ٹیم کا حوصلہ بڑھائیں گے ۔ انہوں نے جموں کشمیر ٹیم کے تئیں نیک خواہشات کا اظہا رکیا ہے۔

ڈے

سی وی رمن کی جانب سے دریافت Sirآج نیشنل سائنس ڈے منایاجا رہا ہے ۔ یہ دن ملک کے معروف ماہر طبیعات

کئے گئے

کی یاد میں منایاجا تا ہے-"Raman Effect"©

اس دن کو منانے کا مقصد ملک کے سائنس دانوں کی خدمات کا اعتراف کرنا اور مختلف شعبوں میں سائنس کی اہمیت کو اجا گر کرنا ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت3ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت14 اعشاریہ1 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ